# DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT DELHI

## PRACTICE QUESTION PAPER FOR MID TERM (2026-27)

## SUBJECT: URDU-III

## CLASS: VII

**TIME: 2:30 HRS** **M.M.:60**

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 5

جنوبی ہندوستان میں سب سے زیادہ بارش کیرالا میں ہی ہوتی ہے۔ اسی لیے یہاں جنگلات ہیں۔ کیرالا میں جگہ جگہ سمندر زمینی حصوں کے اندر چلا گیا ہے۔ یہی اس کی سب سے بڑی خوبصورتی ہے۔ یہاں کا زیادہ تر علاقہ پہاڑی ہے۔ گرمی بھی بہت پڑتی ہے۔ کیرالا کے ہرے بھرے اور گھنے جنگل دیکھنے کے قابل ہیں۔ ان جنگلوں میں ہاتھیوں کے جھنڈ کے جھنڈ نظر آتے ہیں۔

(i) سب سے زیادہ بارش کہاں ہوتی ہے؟

(a) دلّی (b) ہریانہ (c) پنجاب (d) کیرالا

(ii) سمندر کس کے اندر چلا گیا ہے؟

(a) زمینی حصوں (b) میدانی حصوں (c) ساحلی حصوں (d) پہاڑی حصوں

(iii) کیرالا کا زیادہ تر علاقہ کیسا ہے؟

(a) میدانی (b) ساحلی (c) پہاڑی (d) پٹھاری

(iv) کیرالا کی کیا چیز دیکھنے کے قابل ہے؟

(a) پہاڑ (b) جنگل (c) ندیاں (d) میدان

(v) جنگلوں میں کس کے جھنڈ نظر آتے ہیں؟

(a) جانوروں کے (b) ہاتھیوں کے (c) شیروں کے (d) ہرنوں کے

سوال2۔درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔5

جو موقع پا کر کھوئے گا

وہ اشکوں سے منھ دھوئے گا

جو سوئے گا، وہ روئے گا

اور کاٹے گا، جو بوئے گا

تو غافل کب تک سوئے گا

جو ہونا ہو گا، ہوئے گا

اٹھ باندھ کمر، کیا ڈرتا ہے

پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

(i) اشکوں سے کیا دھویا جائے گا؟

(a)ہاتھ (b) منھ (c) پیر (d)بدن

(ii) کون روئے گا؟

(a) جو پیئے گا (b) جو ہنسے گا (c) جو سوئے گا (d)جو ہارے گا

(iii) کیا کاٹے گا؟

(a) جو بوئے گا (b) فصل (c) پھل (d)سبزی

(iv) تو۔۔۔۔۔۔۔۔ کب تک سوئے گا؟

(a) پاگل (b) جاہل (c) قاتل (d)غافل

(v) شاعر کیا باندھنے کے لیے کہہ رہا ہے؟

(a) رسّی (b) گٹھری (c) کمر (d) سامان

سوال 3۔ درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 5

اس میلے یا تہوار کی ابتدا تقریباً ڈھائی سو سال پہلے مغل بادشاہ اکبر شاہ ثانی کے زمانے میں ہوئی تھی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب انگریز ہندوستان کی حکومت میں دخل دینے لگے تھے۔ انگریز ہمارے ملک میں تجارت کی غرض سے آئے تھے، لیکن یہاں آکر انھوں نے ہندوستان کے لوگوں میں پھوٹ ڈالی اور انھیں آپس میں لڑا کر کمزور کیا پھر بہت سے علاقوں پر قابض ہو گئے ایک دن مغل شہزادے مرزا جہانگیر نے ایک انگریز پر گولی چلادی۔ ریذیڈنٹ انگریز افسر ہوتا تھا جو بادشاہ کے درباری کاموں میں دخل دے سکتا تھا۔ سزا کے طور پر انگریزوں نے شہزادے کو الہ آباد میں قید کر دیا۔

(i) اس میلے کی ابتدا کب ہوئی؟

(a) سو سال پہلے (b) دو سو سال پہلے (c) ڈھائی سو سال پہلے (d) تین سو سال پہلے

(ii) کس مغل بادشاہ کے زمانے میں اس میلے کی ابتدا ہوئی؟

(a) ہمایوں (b) اکبر (c) شاہ جہاں (d) اکبر شاہ ثانی

(iii) درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) پھول والوں کی سیر (b) اعتبار (c) سالم علی (d) حسرت موہانی

(iv) کس مغل شہزادے نے ایک انگریز افسر پر گولی چلادی؟

(a) شاہ جہاں (b) مرزا جہانگیر (c) اکبر (d) خرّم

(v) قید' کا متضاد کیا ہے؟

(a) غلامی (b) نوکر (c) بادشاہ (d) آزادی

سوال 4۔ درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 5

مئی کا آن پہنچا ہے مہینہ

بہا چوٹی سے ایڑی تک پسینہ

بجے بارہ تو سورج سر پہ آیا

ہوا پیروں تلے پوشیدہ سایا

چلی لو اور تڑاقے کی پڑی دھوپ

لپٹ ہے آگ کی کی گویا کڑی دھوپ

زمیں ہے یا کوئی جلتا توا ہے

کوئی شعلہ ہے یا پچھوا ہوا ہے

(i) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) میرا وطن (b) بہار (c) گرمی کا موسم (d) برسات کی بہاریں

(ii) نظم کے مطابق کون سا مہینہ آن پہنچا ہے؟

(a) فروری (b) مارچ (c) اپریل (d) مئی

(iii) دھوپ لفظ کتنی بار استعمال ہوا ہے؟

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

(iv) سورج سر پر کس وقت آتا ہے؟

(a) دس بجے (b) گیارہ بجے (c) بارہ بجے (d) ایک بجے

(v) گرمی کی وجہ سے زمین کیسی محسوس ہو رہی ہے؟

(a) گرم ریت کی طرح (b)جلتے توے کی طرح (c)دہکتے کوئلے کی طرح (d)تندور کی طرح

سوال5۔درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔5

(a) یوم آزادی (b)عید (c)موسم گرما

سوال6۔اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔5

یا

دوست کو خط لکھ کر بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیجیے۔

سوال7۔دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجیے۔10

(i) نیچے دیئے ہوئے لفظوں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

بادشاہ، قید، برباد، پسند، آسمان، دھوپ

(ii) نیچے دیئے ہوئے لفظوں سے صرف چار کے واحد لکھیے۔

مذاہب، علاقے، انگریزوں، پنکھوں، پالکیوں، گاڑیوں

(iii)نیچے دیئے ہوئے لفظوں کے حروف الگ کیجیے۔

مشعلیں

اعتبار

(iv) کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(v) نیچے دیئے ہوئے جملے میں صفت پر دائرہ بنائیے۔

آج سب نئے کپڑے پہن کر عید گاہ گئے۔

سوال8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 9

(i) اپنے گھوڑے کو واپس پا کر بابا بھارتی نے کیا کہا؟

(ii) آخری مغل بادشاہ کا نام کیا تھا؟

(iii) سالم علی پوری دنیا میں کیوں مشہور ہوئے؟

(iv) بوڑھا کہاں رہتا تھا؟

(v) بابا بھارتی کے گھوڑے کی چال کیسی تھی؟

سوال9۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6

(i) نظم میرا وطن کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) مچھلی سے تڑپنے کا کیا مطلب ہے؟

(iii) دلکش چمن کس کو کہا گیا ہے؟

(iv) پچھوا ہوا کو شعلہ کیوں کہا گیا ہے؟

سوال10۔ صحیح جملوں کے آگے صحیح اور غلط کے آگے غلط کا نشان لگایئے۔ 5

(i) کلھن اپنے علاقے کا ایک شریف انسان تھا۔

(ii) ایک اپاہج درخت کے سائے تلے آرام کر رہا تھا۔

(iii) لوگوں کو اگر اس واقعے کا علم ہو گیا تو ہر غریب پر اعتبار کرنے لگیں گے۔

(iv) بابا بھارتی کو ہر وقت کلھن کا خطرہ لگا رہتا تھا۔

(v) گھوڑے نے اپنے مالک کے قدموں کی چاپ کو نہیں پہچانا۔